ZIAUDDIN UNIVERSITY
EXAMINATION BOARD

**Total Time 3 hours**
**Total Marks: 100**

**Class: XII** **HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE EXAMINATION 2024**
**Time Allowed: 25 minutes** **SUBJECT: URDU MODEL PAPER**

**Q1:** **SECTION A** **Marks: 20**

**Note**: Attempt all questions from this section. Each question carries **one** mark.

**سوال نمبر1۔**

1۔ علی گڑھ تحریک کا بانی کون ہے۔

A. اشفاق احمد　B. سعادت حسن منٹو　C. مرزا ادیب　D. سرسید احمد خان

2۔ رومانویت آپ کی شاعری کا لازمی حصہ بنی۔

A. مرزا غالب　B. احسان دانش　C. جوش ملیح آبادی　D. اختر شیرانی

3۔ یہ اردو کا پہلا ڈرامہ شمار کیا جاتا ہے۔

A. ادري بھا　B. لیل ونہار　C. اندر سبھا　D. فسانہ عشق

4۔ اکبر الہ آبادی کا اصلی نام تو سید اکبر حسن ہے مگر آپ کو یہ لقب بھی حاصل ہے۔

A. قومی شاعر　B. حکیم الامت　C. لسان العصر　D. جمہوری شاعر

**5**۔ شاہنامہ اسلام کی تخلیق کا سہرا جس شاعر کے نام جاتا ہے وہ ہیں۔

**A.** علامہ اقبال　B. حالی　C. حفیظ جالندھری　D. اکبر الہ آبادی

6۔ افسانہ بدلہ میں گلاب کتنے مہینے بہار رہا۔

A. 5 مہنیے،　B. 8 مہنیے،　C. 3 ہنیے،　D. 7 مہنیے

**7**۔ "شفاء الملک مرحوم کا اصلی نام ہے؟

A. چراغ حسن حسرت　B. فقیر محمد چشتی　C. امتیاز علی تاج　D. مھدی علی خان

**8**۔ "محسن الملک ماخوذ ہے۔

A. لہو اور قالین　B. چند ہم عصر　C. صریر خامہ　D. مقالات شبلی

9۔ اردو کے معاملے میں گاندھی جی سے کر لینے والا انسا کون تھا۔

A. مولوی اسماعیل میرٹھی　B. سرسید احمد خان　C. عالی　D. مولوی عبدالحق

10۔ اردو کا سب سے پہلا افسانہ نگار ہے۔

A. آغا حشر کاشمیری　B. منشی پریم چند　C. غلام عباس　D. سجاد حیدر یلدرم

11۔ مشہور ہوئے بطور علامتی افسانہ نگاری کے۔

A. امتیاز علی تاج　B. انتظار حسین　C. میرزا ادیب　D. غلام عباس

12۔ "چند لمحے سجاد حیدر کے ساتھ ماخوذ ہے۔

A. لھو ادر قالین　B. مقالات عالی　C. صریر خامہ　D. ترقی پسند ادب

13۔ مشہور زمانہ کتاب "سیرۃ النبی" کو مکمل کرنے والی ہستی کون ہے۔

A. حالی　B. سید سلیمان ندوی　C. آزاد　D. غالب

14۔ سرمار کی، انھوں نے تخلیق کی ہے۔

A. سچل سرمت　B. وارث شاہ　C. شاہ عبداللطیف　D. شیخ ایاز

15۔ مزدور کی بیٹی کی رخصتی کی جھلک ملتی ہے اس شاعر کی تنظیم میں۔

A. احسان دانش　B. اقبال　C. حفیظ جالندھری　D. اختر شیرانی

16۔ کبوتر پیغام رسانی کے لیے اُڑ سکتا تھا۔

A. پانچ سو میل　B. سات سو میل　C. مجھے سو میل　D. نو سو میل

17۔ غالب کی وجہ شہرت بنی۔

A. افسانہ نگاری　B. مضمون نگاری　C. مخطوط نگاری　D. سوانح نگاری

18۔ اُردو شاعری میں غزل کا مسیحا ہیں۔

A. حالی　B. درد　C. حسرت　D. فیض احمد فیض

19۔ "آتش دوزخ میں یہ گرمی کہاں درست مصرع کی مدد سے شعر مکمل کیجیے؟

A. سوز غم ہائے جوانی اور ہے　B. سوز غم ہائے نہانی اور ہے　C. سوز غم ہائے دیوانی اور ہے　D. سوز غم ہائے کہانی اور ہے

20۔ بزم ہم خوش نفساں ان کی معروف کتاب ہے۔

A. اشفاق احمد　B. سعادت حسن منٹو　C. شاہد احمد دہلوی　D. مرزا ادیب

**END OF SECTION A**

ZIAUDDIN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

**Total Time 3 hours**
**Total Marks: 100**

**Class: XII**
**Time: 2 hours 35 minutes**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE EXAMINATION 2024**
**SUBJECT: URDU SECTION "B" AND SECTION "C"** — **Total Marks 80**

## SECTION "B" SHORT ANSWER QUESTIONS — 40 Marks

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی (دو) اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔** 10

1۔ کوئی دن گر زندگانی اور ہے — اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے
2۔ وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا — خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا
3۔ بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا — پر ملی خاک میں کیا سحر بیانی اس کی
4۔ تو کہاں جائے گی کچھ اپنا ٹھکانہ کر لے — ہم تو کل خوابِ عدم میں شبِ ہجراں ہونگے
5۔ میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیرِ اُمَم کیا ہے؟ — شمشیر و سناں اول طاؤس و رباب آخر

**سوال نمبر3۔ (الف) درج ذیل نثر پارے میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔** 8

(ب) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف اور سبق کا عنوان تحریر کیجیے۔ 2

1) تمام دنیا میں تو میں اپنی قومی زبان کی وجہ سے ہی پہچانی جاتی ہیں۔ یہ نہیں ہوتا کہ اپنی قومی زبان کے لیے کسی کو اپنی ہی قوم سے لڑائی لڑنی پڑتی ہو۔ بدقسمتی سے پاکستان میں یہ صورت حال درپیش ہے۔ قومی زبان کو اپنا حق منوانے کے لیے اپنی ہی قوم سے لڑنا پڑ رہا ہے۔

2) اگر تم کو خدا کی محبت کا دعوٰی ہے تو آؤ میری پیروی کرو، اگر تم رعایا ہو تو میری پیروی کرو۔ اگر تم سپہ سالار اور سپاہی ہو تو میری پیروی کرو اگر تم استاد اور معلم ہو تو میری پیروی کرو۔ اگر دولت مند ہو تو میری پیروی کرو۔ اگر غریب ہو تو میری پیروی کرو، اگر ٹیکس اور مظلوم ہو تو میری پیروی کرو۔ اگر تم خدا کے عابد ہو تو میری پیروی کرو۔ اگر قوم کے خادم ہو تو میری پیروی کرو۔

3) کوئی زمانہ انسان پر ایسا نہیں گزرتا کہ جب اس کو اس امر کے تعینے کی حاجت نہ ہو۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جس طرح رفتہ رفتہ یہ امر عظیم الشان ہوتا جاتا ہے اسی موافق اس کا تصفیہ بھی عظیم الشان ہوتا جاتا ہے۔ ایک اہل پیشہ کا لڑکا ابتدائی عمر میں ہی یہ فیصلہ کر لیتا ہے میں وہی ہوں گا جو میرا باپ ہے اور ویسا ہی کروں گا جیسا میرا باپ کرتا ہے۔

**سوال نمبر4۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔** 8

(ب) منتخب کردہ نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ 2

1) شکستِ زنداں کا خواب — 2) اور لیس سے آنے والے بتا — 3) اکبر اور مغربی تعلیم

**یا**

**(الف) مندرجہ ذیل جز کی تشریح کیجیے۔** 8

(ب) تشریح کردہ جز کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔ 2

اماں کی تھی بیٹی کی جدائی میں یہ حالت — چیخوں میں ڈھلے جاتے ہیں جذبات محبت
تھا باپ کا یہ حال کہ اندوہ کا مارا — اٹھا تھا دیوار کا لیتا تھا سہارا
لڑکی کا یہ عالم تھا کہ آپے کو سمیٹے
گڑیا سی بنی بیٹھی تھی چادر کو لپیٹے

**سوال نمبر5- (الف) درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجیے۔** 8

(ب) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ 2

1) چور — 2) آرام و سکون — 3) نیا قانون

**یا**

**درج ذیل میں سے کوئی بھی پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

1) مولوی عبد الحق نے پاکستان میں اردو کی کیا خدمات انجام دیں؟
2) جابر ابن حیان کو تجرباتی کیمیا کا بانی کیوں کہا جاتا ہے؟
3) قدیم زمانے میں ایک دوسرے کو محط کیسے بھیجے جاتے تھے؟
4) ڈراما سمندر کا دل "کا نام سمندر کا دل کیوں رکھا گیا؟
5) ڈپٹی نذیر احمد کے روزانہ کے معمولات لکھیے؟
6) عزم جزم کیوں ضروری ہے؟
7) بھیک مانگنے کی عادت کو کیسے ختم کیا جا سکتا ہے؟
8) چور لاہور سے کیوں قصور گیا اور پھر وہاں سے واپس کیوں آ گیا؟

## SECTION "C" DETAILED ANSWER QUESTIONS — 40 Marks

**سوال نمبر6۔ کسی ایک شاعر کے کلام کی خصوصیات تحریر کیجیے۔** 20

1) مرزا غالب — 2) فیض احمد فیض — 3) علامہ اقبال

**سوال نمبر7۔ کسی ایک نثرنگار کے طرز تحریر پر روشنی ڈالیے۔** 20

1) مولوی عبد الحق — 2) مرزا فرحت اللہ بیگ — 3) رشید احمد صدیقی

**یا**

آپ بحیثیت طالب علم "ملک میں جاری دہشت گردی کی روک تھام میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں۔" مضمون تحریر کیجیے

**یا**

"پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی غربت اور اس کے اثرات" پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

**END OF PAPER**